اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

”محبتیں اور بڑھاؤ“ کے 15 حروف کی نسبت سے

مجلس اِزدِیادِ حُب (محبتیں بڑھانے والی مجلس) کے 15 مَدَنی پھول

فرامینِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

❁ ملنساری اِنفرادی کوشش کی رُوح ہے ❁ انفرادی کوشش کے دوران حکایات وروایات سنا کر ذہن بنایئے۔ آپ کا کام سمجھانا ہے منوانا نہیں ❁ گرمجوشی کے ساتھ ملنا، خاموشی کے منافی نہیں ❁ ہر ایک کو خوش مزاج بننا چاہئے اور ضرورتاً سنجیدہ بھی ❁ اگر ہم مدنی ماحول میں بندھ جائیں گے تو کام کرنا سیکھ جائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ

مدنی انعام نمبر 55: کیا آپ نے اس ہفتے کم از کم ایک اسلامی بھائی کو (جو پہلے مدنی ماحول میں تھے مگر اب نہیں آتے) تلاش کر کے اُن کو **مدنی ماحول سے وابستہ** کرنے کی کوشش کی؟ (مگر جس پر تنظیمی پابندی ہو، اُسے نہ چھیڑیں)

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلَّم ہے: نِیَّةُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ ۔یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔(المعجم الکبیر للطبراني، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص ۱۸۵) اس لیے مجلس اِزدِیادِ حُبّ کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ”**72 مدنی انعامات**“ میں سے ”**مدنی انعام نمبر 1**“ پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ”میں اللہ عزّوجلّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے ”مجلس اِزدِیادِ حُبّ“ کا مدنی کام، مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ“۔

﴿2﴾ **اِس مجلس** کے قیام کا مقصد شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار قادِری** رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ 72 مدنی انعامات میں سے ”**مدنی انعام نمبر 55**“ کو با قاعدہ تنظیمی طور پر عملی جامہ پہناتے ہوئے گلشنِ عطّار کے بکھرے ہوئے پھولوں کو حُسنِ اَخلاق، نرمی ومحبت وشفقت کے ساتھ نیکی کی دعوت دے کر یکجا کر کے اِنہیں مدنی ماحول میں فعال (Active) کر کے ”**مسجد بھرو تحریک**“ میں شامل کرنے کی کوشش کرنا ہے۔

﴿3﴾ مجلس اِزدِیادِ حُب کے تمام اسلامی بھائی رشوت، تعلقات اور مُداہَنت (مُداہَنت کے لغوی معنیٰ نرمی کے ہیں۔ ناجائز اور گناہ والے کام ملاحظہ کرنے کے بعد (اِسے روکنے پر قادِر ہونے کے باوجود) اِسے نہ روکنا اور دینی معاملے کی مدد ونصرت میں کمزوری وکم ہمتی کا مظاہرہ کرنا مداہنت کہلاتا ہے یا کسی بھی دُنیوی مفاد کی خاطر دینی معاملے میں نرمی یا خاموشی اختیار کرنا مُداہَنت ہے) کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب ورسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: فیضانِ سُنّت صفحہ 539 تا صفحہ 554 ☆ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 449 ☆ بہارِ شریعت، جلد سوم، حصہ 16 ☆ نیز فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 ☆ باطنی بیماریوں کی معلومات اور ”دارالافتاء اہلسنّت“ سے ضرورتاً شرعی رہنمائی بھی لیتے رہیں۔

﴿4﴾ **اِس مجلس** کے تحت مختلف **مدنی کاموں** کی ترکیب ہوگی مثلاً

﴿۱﴾ وہ پُرانے اسلامی بھائی جو پہلے آتے تھے مگر اب نہیں آتے، ان کی ڈویژن سطح پر فہرست مرتب کرنا۔

﴿۲﴾ ان سے پیشگی وقت لے کر (یا جیسے مناسب ہو) اِنفرادی طور پر دُکان، دفتر یا گھر جا کر ان سے ملاقات کریں اور شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی دِینی خدمات، آپ کے کتب ورسائل و مدنی مذاکروں کی اہمیت وافادیت اور دعوتِ اسلامی کے ترقیاتی کام مثلاً تقریباً 107 شعبہ جات اور دُنیا بھر میں مَدَنی پیغام کا پہنچنا وغیرہ کی تفصیلات سے مختصراً آگاہ کریں۔

﴿۳﴾ اِن کو ہفتہ وار اجتماعات/ بڑی راتوں کے اجتماعات مثلاً اجتماعِ میلاد وجلوسِ میلاد، اجتماعِ غوثیہ، شبِ معراج، شبِ برائت، شبِ قدر/ ہفتہ وار مدنی مذاکرہ (عاشورہ کے 10، بارہویں کے 12، گیارہویں کے 11، ذوالحجہ کے 10 اور رجب المرجب کے 6 مدنی مذاکرے)/ اجتماعِ ذکر ونعت/ دُعائے افطار پورے ماہِ رمضان/ آخری عشرے کا اِعتکاف، اِصلاحِ اعمال کورس وغیرہ کی ترغیب دِلانا۔

﴿٤﴾ اراکینِ شورٰی، نگرانِ زون/نگرانِ کابینہ کے مدنی مشوروں میں گھر سے بُلا کر ساتھ لانا اور مدنی مشورے/ اجتماع وغیرہ میں ساتھ رکھنا اور بعد میں ذِمہ داران سے ملاقات کروانا، ذِمہ داران سے حوصلہ افزائی کی ترکیب کروانا۔

﴿۵﴾ اِن کے کابینہ، ڈویژن ذِمہ داران سے رابطے کروانا، کوئی مدنی کام دینا (متعلقہ نگرانِ کابینہ/نگرانِ ڈویژن مشاورت/نگرانِ علاقہ مشاورت کی باہمی مشاورت سے تنظیمی ذِمہ داری دی جائے، مگر یاد رہے! ذِمہ داری اُسی صورت میں دی جائے جب کہ یہ اُس کام کے اہل ہوں، قبول کریں اور وقت دینے کے لیے تیار ہوں، اولاً ہی کوئی بڑی ذِمہ داری نہ دی جائے بلکہ ابتداءً کسی مجلس کا رکن یا کسی ذیلی حلقے کی ذِمہ داری دی جائے پھر ان کی اِستقامت، وقت دینا، اچھی کارکردگی کو دیکھتے ہوئے بڑی ذِمہ داری بھی دی جاسکتی ہے، یہ بھی یاد رہے! کہ ذِمہ داری اُسی وقت دی جائے جبکہ ان کے سابقہ دانستہ یا نادانستہ غیر شرعی/ غیر تنظیمی معاملات ٹھیک ہو چکے ہوں)، ان کی صلاحیّت اور تنظیمی تجربے کو سامنے رکھتے ہوئے مختلف شعبہ جات کی مجالس وغیرہ میں شامل کرنا۔

﴿٦﴾ مدنی قافلوں میں سفر کروانا، مختلف مواقع پر ہونے والے سنتوں بھرے اجتماعات و مدنی کورسز (اصلاحِ اعمال کورس، فیضانِ نماز کورس) وغیرہ میں شرکت کروانا۔

﴿۷﴾ اِن کے گھروں میں مدنی حلقے کی ترکیب رکھ کر کم از کم 12 ایسے اسلامی بھائیوں کو جمع کرنا جو پہلے آتے تھے مگر اب نہیں آتے۔

﴿۸﴾ انہیں مدرستہ المدینہ بالغان میں شرکت کروانا۔

﴿۹﴾ مدنی عطیات بالخصوص ماہِ رجب، شعبان، رمضان المبارک میں زکوٰۃ وفطرہ اور ذُوالْحِجَّةِ الْحَرَام میں قربانی کی کھالیں جمع کرنے کی ترغیب دِلانا۔

﴿۱۰﴾ اِن اسلامی بھائیوں کے مدنی کاموں میں عملی شرکت کے مختلف مواقع (مثلاً مدنی قافلوں میں سفر، عمامہ شریف سجانا، مختلف

مدنی کاموں میں عملی طور پر شمولیت کے اِظہار کی اچھی اچھی نیّتیں وغیرہ) پر مجلس "مدنی چینل عام کریں" کے ذِمہ داران کی معاونت سے حسبِ موقع اچھے تأثرات ریکارڈ کرنے کی بھی ترکیب کی جائے تو مدینہ مدینہ۔۔۔۔

﴿۱۱﴾ ان کی خوشی غمی میں شرکت کی جائے، بیماری یا فوتگی کی صورت میں عیادت اور تعزیت کی ترکیب ہو، ولادت، نوکری وغیرہ خوشی ملنے کی صورت میں مبارکباد، حوصلہ افزائی، دلجوئی کی ترکیب ہو۔

﴿۱۲﴾ وقتاً فوقتاً مدنی چینل کے سلسلوں کا جدول بھیجنا (Sms)، خصوصاً مدنی مذاکرہ، نگرانِ شورٰی کے بیانات و مدنی مکالمے وغیرہ دیکھنے کی ترغیب دِلانا۔

﴿۱۳﴾ مشکلات میں **مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** کی ترکیب، ان کے مدنی مُنّوں اور مدنی مُنّیوں کو **جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ** میں داخل کروانے کی ترغیب دِلانا۔

﴿5﴾ 72 مدنی اِنعامات میں **اِنتہائی قابلِ توجہ، مدنی انعام نمبر 26**: "کسی ذِمّے دار (یا عام اسلامی بھائی سے) بُرائی صادِر ہوجائے اور اِصلاح کی ضرورت محسوس ہوتو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عَزَّوَجَلَّ بلا اِجازتِ شرعی کسی اور پر اِظہار کر کے **غیبت** کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟"

﴿6﴾ یاد رہے! دورانِ مُلاقات، غیبت سننے سے بچنا ہے، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ "**غیبت کی تباہ کاریاں**" صفحہ نمبر 213 پر لکھتے ہیں: "**مسلمان کی غیبت** کرنے والے کو روکنے کی قدرت ہونے کی صورت میں روک دینا واجِب ہے، روکنا ثوابِ عظیم اور نہ روکنا باعِث عذابِ الیم (یعنی دردناک عذاب کا باعث) ہے"۔ (تفصیل کے لیے صفحہ نمبر 213 کا مطالعہ کیجئے، نیز غیبت کرنے والے سے پیچھا چھڑانے کا طریقہ صفحہ نمبر 214 پر ملاحظہ فرمائیے)

﴿7﴾ پُرانے اِسلامی بھائیوں کو مُلاقات کے وقت امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا رسالہ "**شیطان کے بعض ہتھیار**" اگر موقع ہوتو ہاتھوں ہاتھ پڑھ کر سُنا دیں ورنہ تحفۃً پیش کر کے 26 گھنٹوں میں پڑھنے کی درخواست کریں۔ اِنْ شآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی نتائج برآمد ہوں گے نیز حسبِ موقع مکتبۃ المدینہ سے جاری ہونے والی میموری کارڈ اور کتب و رسائل بھی پیش کیے جاسکتے ہیں۔

﴿8﴾ یاد رہے! بحث و تکرار سے بچنا ہے، اگر پُرانے اسلامی بھائی، نگران کی تبدیلی وغیرہ پر تشویش کا اِظہار کریں تو کتاب "**غیبت کی تباہ کاریاں**" سے صفحہ نمبر 369 تا 372 یا تو ہاتھوں ہاتھ پڑھ کر سُنا دیں یا 26 گھنٹوں میں پڑھنے کی درخواست کریں۔ اِنْ شآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی نتائج برآمد ہوں گے۔

﴿9﴾ مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف مَدَنی کورسز کے ماہانہ اہداف:

مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگران کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، اِصلاحِ اعمال کورس، 12 مدنی کام کورس، فیضانِ نماز کورس وغیرہ کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

﴿10﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

#	سطح	ذمہ دار
1	ڈویژن	ڈویژن ذِمہ دار
2	کابینہ	کابینہ ذِمہ دار
3	زون	زون ذِمہ دار

#	سطح	ذمہ دار
4	ریجن	ریجن ذِمہ دار
5	ملک	نگرانِ مجلس
6	مرکزی مجلسِ شورٰی	رکنِ شورٰی

❁ ریجن ذِمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رُکن ہیں ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شورٰی کے تحت ہوگی ❁ بیرونِ ملک کے ذمہ داران، نگرانِ مجلس بیرونِ ملک (رکنِ شورٰی) کی اجازت سے اس شعبے میں کسی بھی سطح پر ذمہ دار مقرر کریں ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔

(امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مَدَنی اِسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

﴿11﴾ مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول:

#	تاریخ	مَدَنی مشورہ لینے والے	سطح	شرکاء	مَدَنی پھول
1	2	نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار	کابینہ	ڈویژن ذِمہ داران	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی وتنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ
2	5	نگرانِ زون/زون ذمہ دار	زون	کابینہ ذمہ داران	//
3	6	ریجن ذمہ دار / نگرانِ مجلس	ریجن	زون ذمہ داران	//
4	7	رکنِ شورٰی/ نگرانِ مجلس	ملک	ریجن ذمہ داران	//

وضاحت: رُکنِ شورٰی/نگرانِ مجلس، پاکستان سطح کی مجلس (ریجن ذمہ داران) کا ہر ماہ مدنی مشورہ فرمائیں۔ ایک ماہ بالمشافہ اور ایک ماہ بذریعہ انٹرنیٹ

❁ **معمول** (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا **ذمہ داران** کے سُنّتوں بھرے اجتماعات کے لیے اوّلاً ''**اجازت نامہ**'' مکمل پُر کرکے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔ (مزید وضاحت کے لیے ''**اجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا ذمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع**'' کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کرلیجئے، یہ اجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ دفتر سے میل ہوچکا ہے، بوقتِ ضرورت دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے)

﴿12﴾ **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں:** ❁ کابینہ:4 ❁ زون:5 ❁ ریجن:6 ❁ ملک:7

❁ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر عیسوی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/ بیرونِ ملک مجلس دفتر اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو ای میل کردیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں)

﴿13﴾ نگرانِ مجلس سے ہر وقت مربوط رہیں، انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط ہوگا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿14﴾ ہر ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول عیسوی ماہ کی 19 تا 22 تاریخ تک اپنے نگران سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 1 تا 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران کو پیش کرے۔

❁ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

﴿15﴾ **ذمہ داران اپنی دُنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں، فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیر اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ (ہفتہ وار اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے ''**مدنی مذاکرے**'' میں اوّل تا آخر شرکت کو یقینی بنائیے، اس کی برکت سے علمِ دین کا لازوال خزانہ ہاتھ آئے گا نیز ''مدنی انعام نمبر 47'' پر عمل کرتے ہوئے مدنی چینل کے سلسلے، اصلاحی بیانات کے ساتھ ساتھ فیضانِ مدنی مذاکرہ اور فیضانِ فرض علوم میموری کارڈ (Memory Card) سننے کا بھی سلسلہ رکھیے، اس سے بھی کثیر فرض علوم حاصل ہوں گے۔ ان شاء اللہ عزوجل)

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، مدنی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیء وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنے مدنی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ اور ہر ماہ کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر** اور **محبوب** بننے کی سعی جاری رکھیے۔ اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنائیے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیے۔

❁ اراکینِ مجلس، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈ ڈ** مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، زون، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اطاعت فرمائی ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجَلَّ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کرکے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

مدینہ: بیرونِ ملک کے ذِمہ داران متعلقہ رکنِ شوریٰ کے مشورے واِجازت سے ان مدنی پھولوں میں ترمیم و اضافہ کرسکتے ہیں۔

مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

مَدَنی مقصد: مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

تاریخِ اجراء(اپ ڈیٹ مدنی پھول): ۱۶۰ رمضان المبارک ۱۴۴۰ھ / 22 مئی 2019ء